# فریق ثالث کا ضابطہ اخلاق

## 1- مقصد اور دائرہ کار

### 1.1 مقصد

فریق ثالث کے ضابطہ اخلاق ("ضابطہ") کا مقصد عالمی سطح پر Reckitt کے ساتھ اور ان کی طرف سے کام کرنے والی، فریقین ثالث اور عالمی سطح پر موجود ان کے ملازمین ("فریقین ثالث") کو اخلاقی کاروباری ضابطے کے حوالے سے اعلیٰ درجے کے اصول اور توقعات فراہم کرنا ہے-Reckitt میں، ہمارا یہ ماننا ہے کہ حل ڈھونڈنے کا بہترین طریقہ شراکت داری ہے، اسی لیے ہم اپنے صارفین کے لیے اہمیت کا حامل بننے کے لیے قابل اعتبار تعلقات قائم کرنے کی امید کرتے ہیں۔

### 1.2 دائرہ کار

یہ ضابطہ Reckitt کے لیے کام کرنے والی تمام فریقین ثالث اور ان کی طرف سے سروسز انجام دینے والے ہر فرد کے لیے قابل اطلاق ہے۔ جہاں یہ ضابطہ کاروباری ضابطے کے حوالے سے Reckitt کے اصول یا توقعات بیان کرتا ہے، وہیں فریقین ثالث پر بھی لازم ہے کہ وہ اس بات کو تسلیم کریں کہ ہم ایک پیچیدہ اصلاحی ماحول میں کام کرتے ہیں اور قانونی تقاضے اس جگہ کے حساب سے مختلف ہوتے ہیں جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں۔

یہ ہر فریق ثالث کی ذمہ داری ہے کہ وہ خود پر قابل اطلاق تمام قوانین اور ضوابط کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔ اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ قوانین و ضوابط دائرہ کار کے مطابق مختلف ہو سکتے ہیں، یہ ضابطہ کاروباری ضابطے کی تعمیل کے حوالے سے Reckitt کے کم سے کم معیارات بیان کرتا ہے۔ تاہم، جہاں مقامی معیارات کے لیے مزید کڑی نگرانی درکار ہو، وہاں مقامی پالیسیوں کا اطلاق اور تکمیل لازم ہے۔ تمام صورتوں میں، قابل اطلاق مقامی قوانین کی پاسداری لازم ہے۔

## 2- پالیسی کا بیان

فریقین ثالث کے ساتھ مضبوط اور قابل اعتبار تعلقات قائم کرنا Reckitt کی اولین ترجیح ہے۔ ہماری توجہ صحت مند زندگیوں اور خوشحال گھرانوں کے ساتھ دنیا کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ متعلقہ فریقین ثالث کے ساتھ مناسب مضبوط تعلقات بنانے کے لیے، ہمیں مضبوط اندرونی نظامات اور تعمیلی پالیسیوں کا اطلاق کرنا ہو گا۔ ہم اپنے ساتھ کام کرنے والے فریقین ثالث سے بھی یہی توقع کرتے ہیں، کہ وہ اعتبار قائم کرنے اور خطرے کے امکان کو کم کرنے میں ہماری مدد کریں گی۔

تمام کاروباری لین دین آزادانہ، ایماندارانہ لین دین کی بنیادوں پر کیا جاتا ہے جوکہ ظاہری طور پر اور حقائق کی بنیادوں پر اخلاقی ہیں۔ فریقین ثالث کو کسی صورت رشوتیں نہیں دینی چاہئیں یا ادائیگیوں کی سہولت کاری نہیں کرنی چاہیئے، اور تمام ملازمتی سرگرمیوں کو بنیادی انسانی حقوق کی قدر کرنی چاہیئے۔

## 3- ہماری اقدار پر جینا




Reckitt کی بنیادی اقدار ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ایسے اصولوں اور طرز عمل کا ایک مجموعہ ہیں جو ہمارے دائرہ کار میں بیان کیے گئے ہیں۔

Reckitt میں، کاروبار ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اپنے فریقین ثالث کے ساتھ مل کر، ہمیں **ہمیشہ صحیح کام انجام دینا ہوتا ہے۔**

ہمارا نظریہ ایک مزید صاف ستھری اور صحت مند دنیا کی مستقل جستجو میں تحفظ، شفایابی اور تربیت فراہم کرنا ہے۔ یہ جدوجہد حفظان صحت، بہبود اور غذائیت کے اعلیٰ ترین معیار تک رسائی کو ایک بنیادی حق بنانے، نہ کہ استحقاق کے لیے ہے۔

ہم اپنے فریقین ثالث سے یہ توقع کرتے ہیں کہ انسانی حقوق کا احترام کرتے ہوئے، جداگانگی کی قدر کرتے ہوئے اور صارفین کے لیے مسلسل مثبت نتائج کی فراہمی کے لیے کوشش کرتے ہوئے - **صارفین اور افراد کو ترجیح دیں۔**

ہم اپنے فریقین ثالث سے یہ توقع بھی کرتے ہیں کہ مصنوعات میں بہتری لانے کے لیے **نئے مواقع کی تلاش کریں،** تاکہ Reckitt کے لیے مثبت، پائیدار کاروباری ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ ہم اپنے فریقین ثالث سے یہ توقع بھی کرتے ہیں کہ ہمارے لوگوں، صارفین، شراکت داروں، کمیونٹیز اور شیئر ہولڈرز کے لیے یکساں طور پر فائدہ مند اہداف کے حصول کی خاطر ہمارے ساتھ قریبی شراکت داری کرتے ہوئے، **مشترکہ کامیابی حاصل کریں۔** مزید براں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے فریقین ثالث ہر اس کام میں **بہتری کی کوشش کریں** جو وہ کرتے ہیں۔

یہ ضابطہ ہماری اقدار کا ترجمہ روزمرہ رویے کی صورت میں کرنے اور قانونی، اخلاقی اور دیانتداری کے ساتھ عمل کرنے کے لیے ایک ہدایت نامے کا کردار ادا کرتا ہے۔

## 4. توقعات

### 4.1 توقعات

ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ تمام فریقین ثالث اور ان کے ملازمین اس ضابطے کا اطلاق کریں جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔ ہم فریقین ثالث کی سینئر مینیجمنٹ سے مثال قائم کرنے اور ہر سطح پر تعمیل کو یقینی بنانے کی ذمہ داری اٹھانے کی توقع کرتے ہیں۔ انتظامیہ یہ یقینی بنانے کی ذمہ دار ہے کہ تعمیل ثابت شدہ ہو اور مناسب دستاویزات برقرار ہوں۔Reckitt کو میعادی جائزوں اور آن سائٹ آڈٹس کے ذریعے اس ضابطے کے اطلاق اور تعمیل کو یقینی بنانے کا حق حاصل ہے۔

### 4.2 اسپیک اپ سروس

Reckitt ایک ایسی اسپیک اپ سروس کا حامل ہے جوکہ فریقین ثالث کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ ضابطے، Reckitt کے ضابطہ اخلاق اور کسی بھی قسم کے قابل اطلاق قانون یا ضابطے کی عدم تعمیل کے حوالے سے اپنے خدشات اٹھا سکیں۔ Reckitt اسپیک اپ سروس استعمال کروانے والے ہر شخص کو رازداری برقرار رکھنے اور گمنام رہنے کی پیشکش کرتی ہے۔ کمپنی غیر انتقامی پالیسی بھی اختیار کرتی ہے: اس کی اسپیک اپ سروس کے ذریعے اچھی نیت کے ساتھ کسی بھی قسم کے خدشے پر آواز اٹھانے والا کوئی بھی فرد اپنے انکشاف کے باعث انتقامی کارروائیوں کا سامنا نہیں کرے گا یا اسے نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

رپورٹ درج کروانے کے لیے فریقین ثالث کے پاس متعدد اختیارات موجود ہیں:

- https:// www.rbspeakup.com پر دستیاب Reckitt کے وقف شدہ رپورٹنگ ٹول کے ذریعے، آن لائن
- https://www.rb.com/responsibility/policies- andreports/whistleblower-policy/ پر دستیاب بین الاقوامی ٹول سے پاک لائنز کے ذریعے بذریعہ ٹیلیفون؛
- دستیاب ہونے کی صورت میں، ان کی اپنی اندرونی وسل بلوئنگ ہاٹ لائن کے ذریعے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ Reckitt کے حوالے سے کسی بھی قسم کے معاملات کی اطلاع ہمیں فوری طور پر دی جائے؛

  براہ راست Reckitt کے کسی بھی مینیجر یا سپروائزر کو۔

Reckitt ایسے تمام خدشات کی تفتیش کرے گی جن کی اطلاع دی گئی ہو اور فریقین ثالث سے یہ توقع کرے گی کہ کسی بھی قسم کی تفتیشات میں تعاون کریں، جس میں تمام مطلوبہ معلومات اور اس عملے تک رسائی فراہم کرنا شامل ہے جس کا انٹرویو درکار ہے۔Reckitt صرف اسی معلومات کی درخواست کرے گی جو تفتیش سے متعلقہ ہو اور فریق ثالث کے دستاویزات کے ساتھ اس وقت تک رازداری برتے گی جب تک کہ انہیں قانوناً ظاہر نہ کرنا پڑے۔

ایک بار تفتیش کا اختتام ہو جانے پر، Reckitt فریق ثالث کے ساتھ نتائج پر تبادلہ خیال کرے گی اور وہاں اگلے اقدامات اور احتیاطی تدابیر پر اتفاق کرے گی (جہاں رپورٹ فریق ثالث کے اقدامات سے متعلقہ ہو)۔ ہم اس فرد کو بھی جواب دیں گے جس نے رپورٹ جمع کروائی ہے۔

Reckitt بدعنوانی یا نامناسب باتوں کے معاملات کو سنجیدگی سے لیتی ہے۔ اس ضابطے کی تعمیل کی حقیقی یا مشتبہ ناکامی کی اطلاع فوری طور پر Reckitt کو دی جانی چاہیئے۔ اس میں ناکامی اس ضابطے کی خلاف ورزی گردانی جاتی ہے اور اس کی منظوری مناسب طریقے سے Reckitt کی جانب سے دی جائے گی، بشمول فریق ثالث سے اس خلاف ورزی کا ازالہ کرنے کے لیے تمام معقول اقدامات لینے کے مطالبے، معاہدے کو مکمل یا جزوی طور پر ختم کرنے، اور Reckitt کی جانب سے کسی بھی قسم کے اضافی نقصانات، لاگتوں یا ایسے اخراجات پر دعوے کے جو کسی بھی طرح سے خلاف ورزی سے منسوب ہوں۔

### 4.3 مطلوبہ احتیاط اور نگرانی

ہم فریقین ثالث سے یہ توقع کرتے ہیں کہ اس ضابطے کی تعمیل کے لیے کارروائیاں اور نظامات مرتب کریں۔ جہاں مناسب ہو، وہاں Reckitt ان سمیت جنہیں یہ نئے کاروباری تعلقات قائم کرنے کی پیشکش کرتی ہے ایسے فریقین ثالث کے ساتھ اپنے موجودہ تعلق کی نگرانی کے حصے کے طور پر فریقین ثالث کے حوالے سے خدشے کی بنیاد پر مستعدی سے کام لے گی۔ ہم فریقین ثالث سے یہ توقع کرتے ہیں کہ Reckitt کی جانب سے انجام دی جانے والی مستعدی کی کوششوں کی سہولت کاری کے لیے مکمل اور درست معلومات فراہم کریں۔ اگر Reckitt اس بات کا تعین کرتی ہے کہ کسی فریق ثالث نے اس ضابطے کی خلاف ورزی کی ہے، تو یہ فریق ثالث سے ایک تلافی کے منصوبے کے اطلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے یا، کچھ مخصوص صورتحالوں میں، یہ فریق ثالث کے ساتھ تعلق کو معطل یا ختم کر سکتی ہے۔

## 5. دیگر افراد کے لیے سالمیت اور احترام

### 5.1 ملازمین کے ساتھ منصفانہ سلوک

Reckitt ایک عالمی تنظیم ہے جو مختلف علاقوں میں ثقافت کے مابین فرق سے واقف ہے۔ اپنے دائرہ کار کی مناسبت سے، ہم توقع کرتے ہیں کہ فریقین ثالث ثقافتی فرق اور رواجوں کو تسلیم کرتے ہوئے اور برداشت پر مبنی، آزادانہ اور ایماندارانہ مواصلت کے ماحول کو فروغ دینے کے لیے فعال اقدامات لیتے ہوئے، تنظیم کے اندر اور باہر، دونوں مقامات پر دوسروں کے ساتھ احترام سے پیش آئیں۔

تمام ملازمین کو ان کے کام کے لیے مناسب معاوضہ دیا جانا چاہیئے۔ اجرتوں، بامعاوضہ چھٹی، اضافی کام کی ادائیگی اور فوائد سمیت تمام معاوضے کم سے کم قانونی تقاضوں کی پاسداری کرتے ہوں۔ یہ لازم ہے کہ فریقین ثالث نسل، رنگ، زبان، ذات، قومی خطہ، آبائی حیثیت، مذہب، معذوری، جنس، ازدواجی حیثیت، جنسی رجحان، تنظیمی رکنیت، سیاسی وابستگی، حمل، تجربہ کاری یا عمر سمیت کسی بھی محفوظ شدہ زمرے کی بنیاد پر ہونے والے کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک یا ہراسانگی میں شامل نہ ہوں یا اس کی معاونت نہ کریں۔

فریقین ثالث پر لازم ہے کہ کام کا ایک ایسا ماحول بنائیں اور برقرار رکھیں جو کہ بدمعاشی، ہراسانگی اور تشدد سے پاک ہو۔ تشدد کے ایسے کسی بھی قسم کے اقدامات یا دھمکی اور ایسا کوئی بھی زبانی یا جسمانی طرز عمل برداشت نہیں کیا جائے گا جو کہ کام کا خوف آمیز، جارحانہ، توہین آمیز یا مخالفانہ ماحول قائم کرے، یا جس کے بارے میں ایسا کرنے کا قیاس کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ، ناپسندیدہ جنسی پیشرفتیں، جنسی مفاد کی درخواستیں اور جنسی نوعیت کے دیگر ناجائز زبانی یا جسمانی طرز عمل کی سختی سے ممانعت ہے۔

### 5.2 صحت اور تحفظ

ہم فریقین ثالث سے توقع کرتے ہیں کہ وہ جائے کار پر اپنے ملازمین، ٹھیکیداروں اور زائرین کی صحت، تحفظ اور بہبود کو یقینی بنائیں۔ یہ فریقین ثالث کی ذمہ داری ہے کہ اپنی اور ایسے دیگر افراد کی صحت اور تحفظ کی ذمہ دارانہ انداز میں نگہداشت کریں جو ان کے اقدامات یا ان سے ہونے والی بھول چوک سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ صحت اور تحفظ سے متعلقہ کسی بھی قسم کے خدشات کی شناخت ہونے کی صورت میں، یہ لازم ہے کہ ایسے خدشات کی تخفیف کے لیے اس عملے پر مناسب احتیاطی تدابیر کا اطلاق کیا جائے جنہیں بحفاظت ان کی ملازمتی سرگرمیاں انجام دینے کے لیے مناسب تربیت اور سازوسامان فراہم کیا گیا ہو۔

### 5.3 بنیادی انسانی حقوق کا احترام اور جدید طرز کی غلامی

Reckitt کا ماننا ہے کہ انسانی حقوق ایک عالمی تقاضا ہیں اور یہ حقوق انسانی کے بین الاقوامی بل (جوکہ حقوق انسانی کے عالمی اعلامیہ، شہری اور سیاسی حقوق سے متعلق بین الاقوامی معاہدے اور معاشی، معاشرتی اور ثقافتی حقوق پر بین الاقوامی معاہدے پر مشتمل ہے) اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن ("ILO") کے بنیادی اصولوں اور ملازمتی حقوق کے اعلامیہ میں موجود ان حقوق کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہم تمام فریقین ثالث سے ان قوانین اور ضوابط کی مکمل تعمیل کا مطالبہ کرتے ہیں۔

فریقین ثالث کو کسی بھی صورت میں جبری یا بچوں سے مزدوری لینے کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ شک سے بچنے کے لیے، تمام کارکنان کی عمر 15 سال سے زائد یا مقامی دائرہ کار میں کام کرنے کی کم سے کم قانونی عمر میں سے جو بھی بڑی ہو، اتنی ہونی چاہیئے۔ تمام کارکنان کو وقفوں، کام کے محدود اوقات اور بامعاوضہ تنخواہ کا حق حاصل ہونا چاہیئے، جو کہ کم سے کم، مقامی قوانین کے مطابق ہوں، جبکہ اضافی کام صرف رضاکارانہ بنیادوں پر دیا جانا چاہیئے۔ Reckitt اپنے کاروبار اور سپلائی چین میں جدید غلامی کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہے اور اس کے نتیجے میں فریقین ثالث سے غلامی، محکومی، جبری مشقت اور انسانی اسمگلنگ کے سلسلے میں صفر رواداری کی توقع کی جاتی ہے۔

### 5.4 مصنوعہ کا تحفظ

Reckitt یہ یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ صارفین ہماری مصنوعات کے تحفظ پر اعتماد کر سکیں۔ یہ فریقین ثالث کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ یقینی بنائیں کہ Reckitt کو فراہم کی جانے والی مصنوعات Reckitt کی خصوصیات، اس کے معیار اور حفاظتی معیار، مقامی معیارات اور ضوابط پر پورا اترتی ہوں اور وہ اپنے مطلوبہ استعمال کے لیے محفوظ ہوں۔ Reckitt کو فراہم کی جانے والی مصنوعات (بشمول ان کی تیاری میں استعمال ہونے والے مادوں کے ذریعے یا ان کی نوعیت) میں اور نہ ہی ان کی تیاری میں استعمال ہونے والے طریق کاروں میں اس وقت تک کوئی تبدیلی یا ترمیم نہیں کی جاسکتی، جب تک کہ Reckitt کی پیشگی تحریری رضامندی حاصل نہیں کی جاتی۔

ہمارے صارفین کی صحت اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے، لہذا ہماری مصنوعات کا معیار اور تحفظ دونوں باہم مربوط ہیں۔ اس وجہ سے، یہ ہر فریق ثالث کی ذمہ داری ہے کہ مصنوعہ کے تحفظ اور معیار کے حوالے سے کسی بھی

قسم کے مسئلے کی اطلاع Reckitt کو بروقت دی جائے۔ تحفظ، معیار یا کارکردگی سمیت Reckitt کی جانب سے استعمال کردہ کسی بھی مصنوعہ یا اجزاء کے استعمال سے متعلقہ عدم اطمینان کی نشاندہی کرنے والی کوئی بھی رائے موصول ہونے پر Reckitt کو لازماً مطلع کیا جائے۔ رپورٹس لازمی طور پر فریق ثالث کی مسئلے سے آگاہی کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر Reckitt کے ڈرگ سیفٹی آفیسر (Drug Safety Officer) کو بھیجی جانی چاہئیں۔

## 6. سالمیت اور ہمارے اسٹیک ہولڈرز کا احترام

### 6.1 درست ریکارڈز رکھنا

فریقین ثالث سے درست اور بروقت معلومات پیش کرنے کی توقع کی جاتی ہے اور وہ ایماندارانہ اور مناسب طریقے سے اپنی معلومات کی دستاویزکاری اور ریکارڈنگ کے ذمہ دار ہیں۔ منصب یا ملازمت کی ذمہ داریوں سے قطع نظر، فریق ثالث کے تمام ملازمین پر یہ لازم ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کتابیں اور ریکارڈز درست ہوں۔ کتابیں اور ریکارڈز ہر لحاظ سے قابل اطلاق قوانین اور اکاؤنٹنگ کے اصولوں کے مطابق برقرار رکھے جانے چاہئیں۔ فریقین ثالث سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ تعمیلی آڈٹس، تفتیشوں کے دوران یا ڈیٹا کی درخواستوں کے جواب میں رازداری کے دفتر کی جانب سے مطالبہ کیے جانے پر متعلقہ دستاویزکاری Reckitt کو فراہم کریں۔

درست ریکارڈ رکھنا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کاروباری لین دین شفاف ہوں اور دھوکہ دہی پر مبنی سرگرمیوں میں کسی بھی قسم کی حقیقی شرکت یا اس کی کوشش نہ کی گئی ہو۔ فریقین ثالث سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ آڈیٹرز، تفتیش کاران یا قانون کا نفاذ کرنے والی ایجنسیوں کو ریکارڈز فراہم کریں۔

### 6.2 خفیہ معلومات کا تحفظ

فریقین ثالث کو مختلف اقسام کی ملکیتی، خفیہ، ذاتی یا نجی معلومات تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے جو کہ Reckitt یا اس کے صارفین، گاہکوں، فراہم کنندگان، ملازمین، یا دیگر افراد کے متعلق ہو سکتی ہیں۔ فریقین ثالث صرف اس کے مطلوبہ مقاصد اور اپنے فرائض کے حصے کے طور پر خفیہ معلومات کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ Reckitt کے اندر یا باہر موجود کسی بھی فرد پر خفیہ معلومات اس وقت تک ظاہر نہیں کر سکتیں، جب تک کہ قانونی طور پر یا کسی خاص اور مناسب کاروباری مقصد کے لیے اس کا مطالبہ نہ کیا جائے۔ فریقین ثالث کا یہ فرض ہے کہ وہ دفتر سے باہر اور کاروباری اوقات ختم ہونے کے بعد، اور حتیٰ کہ ملازمت ختم ہونے کے بعد بھی ہمہ وقت ہر جگہ خفیہ معلومات کو محفوظ رکھیں۔

### 6.3 ڈیٹا کی رازداری

فریقین ثالث سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ڈیٹا کی رازداری کے ان تمام قوانین اور ضوابط کی تعمیل کریں جو ان کے دائرہ کار میں موجود ممالک میں قابل اطلاق ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ Reckitt کے ساتھ اپنے معاہدے میں بیان کردہ ڈیٹا کی رازداری کی احتیاطی تدابیر کی تعمیل کریں اور ایسے تمام ذیلی ٹھیکیداروں کو بھی ان فرائض کی ترغیب دیں جن کے ساتھ وہ کام کرتے ہیں۔

عام کاروباری معمول کے دوران، فریقین ثالث کو نجی ڈیٹا تک رسائی، اسے وصول کرنے، اکٹھا کرنے، برقرار رکھنے اور اس کی معقول تعداد کا استعمال کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ ان میں سے کچھ ڈیٹا حساس معلومات پر مشتمل ہو سکتا ہے جو کہ ملازمین، گاہکوں، صارفین، تحقیقی مضامین، دکانداروں اور حریفوں کے متعلق ہو سکتا ہے - اس قسم کے ڈیٹا کو نہایت احتیاط کے ساتھ برتا جانا چاہیئے۔

برقی اور ظاہری تحفظ کے ساتھ ڈیٹا کو ہر وقت محفوظ رکھا جانا چاہیئے۔ فریقین ثالث کے عملے میں سے کسی کو بھی اس وقت تک نجی ڈیٹا تک رسائی حاصل نہیں کرنی چاہیئے، جب تک کہ کاروباری مقصد کے لیے اس کی واضح ضرورت نہ ہو اور رسائی کی اجازت حاصل نہ کر لی جائے۔

فریقین ثالث کو کسی بھی ذاتی معلومات کے غلط استعمال، چوری، نقصان یا غیر مجاز انکشاف سے بچنے کے لیے خاطر خواہ احتیاط برتنی ہوگی۔Reckitt کے نجی ڈیٹا کے کسی بھی قسم کے اشتراک کے بارے میں، اس اشتراک سے قبل Reckitt کی جانب سے پیشگی تحریری رضامندی کے ساتھ، Reckitt کو مطلع کرنا لازمی ہے (تاوقتیکہ بصورت دیگر قانون کی رو سے درکار ہو)۔

24 گھنٹوں کے اندر ڈیٹا کی خلاف ورزیوں پر فوری، مؤثر اور منظم جواب کو یقینی بنانے کے لیے یہ لازم ہے کہ فریقین ثالث کے پاس تحفظ اور ڈیٹا کی خلاف ورزی کے رد عمل کا نظام موجود ہو۔ کسی بھی قسم کی ڈیٹا کی خلاف ورزی اور متعلقہ واقعے پر ردعمل کی سرگرمیوں کی اطلاع PrivacyOffice@rb.comپر کی جانی چاہیئے۔

### 6.4 معلوماتی تحفظ

یہ لازم ہے کہ فریقین ثالث معلوماتی تحفظ کے ایسے نظامات اختیار کریں جوکہ معلومات کو برقرار رکھنے اور ان کے تحفظ کے لیے درکار Reckitt کے تقاضوں پر پورا اترتے ہوں، جن میں Reckitt، Reckitt کے فراہم کنندگان اور دیگر فریقین ثالث سے حاصل کردہ ظاہری اور IT اثاثہ جات شامل ہیں۔

جب مناسب ہوا، تب Reckitt فریقین ثالث سے حفاظتی جانچوں سے گزرنے اور دیگر حفاظتی آڈٹس/ضمانتی جائزوں تک رسائی کی فراہمی کا تقاضا کر سکتی ہے۔

## 6.5 میڈیا اور عوام کے ساتھ تعامل

فریقین ثالث کو Reckitt کی طرف سے کارروائی یا بات نہیں کرنی چاہیئے، Reckitt کی حیثیت سے نمائندگی نہیں کرنی چاہیئے، یا Reckitt سے منسوب کسی بھی قسم کے نظریات کا اظہار نہیں کرنا چاہیئے جب تک کہ اس کی واضح اجازت نہ ہو۔

جب کوئی فریقین ثالث عوام اور میڈیا کو معلومات فراہم کرتی ہیں، تو ان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تمام متعلقہ حقائق کی درست، مکمل اور بروقت اور جامع انداز میں اطلاع دیں۔ بیرونی مواصلات میں Reckitt کا حوالہ اس وقت تک نہیں دیا جانا چاہیئے جب تک کہ Reckitt کی جنرل کونسل اور امور خارجہ کے گروپ سربراہ کی جانب سے براہ راست تحریری منظوری نہ دی جائے اور یہ لازم ہے کہ Reckitt کو ایسے تمام منفی میڈیا سے باخبر کیا جائے جو کہ نشر ہونے والا ہو یا نشر ہو چکا ہو۔

## 6.6 متصادم مفاد

فریقین ثالث سے یہ تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ایسے متصادم مفادات کی نشاندہی کریں اور ان کو حل کریں جو Reckitt کو کسی بھی قسم کی خدمات کی فراہمی سے پہلے اور جاری بنیادوں پر ان کے کاروبار کی انجام دہی میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ متصادم مفاد کا سامنا اس وقت ہوتا ہے جب ذاتی، سماجی اور مالی سمیت انفرادی مفادات، کسی کے اپنے کام کو معروضی اور مؤثر انداز میں انجام دینے کی قابلیت میں مخل ہوں۔ اس میں فریق ثالث اور کسی ملازم، گھریلو فرد، دوست یا کاروبار کے درمیان اس قسم کی کاروباری سرگرمیوں کو نظر انداز کرنا شامل ہے جن میں ان کا یا کسی گھریلو فرد یا دوست کا کوئی اہم مفاد یا فائدہ پوشیدہ ہو۔

ایسا کوئی بھی حقیقی یا ممکنہ متصادم مفاد جو Reckitt کے ساتھ کاروباری تعلق کے دوران ابھرے یا ایسی کسی بھی حساس صورتحال کی اطلاع فوری طور پر ِفریق ثالث کے Reckitt کے رابطے کو دی جانی چاہیئے جوکہ Reckitt کے لیے یا اس کے ساتھ یا کسی اور طرح سے کیے جانے والے فریق ثالث کے کام پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔ حالات کے مطابق، فریقین ثالث کو متصادم مفاد یا حساس صورتحال پر قابو پانے کے لیے مناسب اقدامات لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## 6.7 تحائف اور تفریح

Reckitt سمجھتی ہے کہ کاروباری تحائف کا تبادلہ اور مہمان نوازی کاروباری تعلقات قائم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے، لیکن یہ اس وقت مسئلے کا باعث بن سکتا ہے جب یہ حقیقتاً یا بظاہر تنازعات یا بصورت دیگر بظاہر کسی کاروباری فیصلے پر اثر انداز ہونے کا باعث بننے لگے۔ موجودہ یا ممکنہ صارف، حریف، فراہم کنندہ، یا خدمت فراہم کنندہ کی جانب سے تحائف، چھوٹ، فوائد، یا خدمات قبول کرنا اس صورت میں ممنوع ہے اگر اس فائدے سے کسی شخص کے کاروباری فیصلے پر اثرانداز ہونے کا امکان ہو۔ نقد یا نقد کے مساوی، واؤچرز یا چھوٹ دینے کی بھی ممانعت ہے۔

فریقین ثالث پر، کم سے کم اتنا لازم ہے کہ وہ کاروباری تحائف اور تفریح کے حوالے سے اس دائرہ کار کے تمام مقامی قانونی اور انضباطی تقاضوں کی پاسداری کریں جس میں رہتے ہوئے کاروباری اعمال انجام دیے جاتے ہیں۔ تمام تفریحات اور تحائف مناسب نوعیت کے حامل، اور کاروباری دلائل سے مطابقت پذیر ہونے چاہئیں اور قدر و قیمت میں حد سے زیادہ متجاوز نہیں ہونے چاہئیں۔ تقاریب کے ٹکٹس، کھیل کے تجربات اور چھٹیاں نامناسب تحائف گردانے جاتے ہیں جو فریقین ثالث کی جانب سے نہ تو دیے جانے چاہئیں یا نہ ہی قبول کیے جانے چاہئیں۔

## 6.8 مسابقتی قانون

فریقین ثالث کو چاہیئے کہ آف لائن اور آن لائن سرگرمیوں سمیت، اپنی کاروباری سرگرمیاں مسابقتی/اینٹی ٹرسٹ قوانین و ضوابط کی مکمل تعمیل میں انجام دیں۔ علاقائی حدود سے باہر اثر کے لیے قوانین بنائے گئے ہیں اور ان قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں کاروبار اور ملوث افراد دونوں پر، اہم کارپوریٹ اور انفرادی جرمانے اور قید سمیت سنگین سزائیں عائد ہو سکتی ہیں۔

فریقین ثالث کسی بھی صورت میں دونوں فریقین کے حریفوں کے ساتھ قیمتوں، لاگتوں، مصنوعات کی فراہمی، صارفین، تشہیر یا علاقوں کے حوالے سے غیرسرکاری معلومات، یا دیگر تجارتی طور پر حساس معلومات پر اتفاق، تقسیم، بات چیت

یا ان کا اشتراک نہ کریں، نہ ہی کسی حریف کی قانونی سرگرمی پر اثر انداز ہونے کے لیے ان کی مارکیٹ پوزیشن کا غیر قانونی استعمال کریں۔

## 7۔ عالمی منڈی میں سالمیت اور احترام

### 7.1 رشوت اور بدعنوانی

Reckitt میں رشوت اور بدعنوانی کی کوئی گنجائش نہیں۔ تمام فریقین ثالث پر یہ لازم ہے کہ وہ اپنے زیر عمل آنے والے تمام ممالک میں رشوت اور بدعنوانی کے خلاف قوانین کی تعمیل کریں، بشمول سلطنت متحدہ کے رشوت ستانی ایکٹ 2010((Bribery Act 2010)، اقوام متحدہ کے فارن کرپٹ پریکٹیسز ایکٹ 1977 (Foreign Corrupt Practices Act 1977) اور بین الاقوامی کاروباری لین دین میں غیر ملکی سرکاری افسران کی رشوت سے نمٹنے کے لیے تنظیم برائے اقتصادی تعاون اور ترقیاتی کنونشن کے مطابق دستخط کرنے والے ہر ملک کی جانب سے رشوت خوری کے خلاف قانون سازی ("OECD کنوینشن") کے۔ ان میں سے بہت سے قوانین کو غیر علاقائی تاثر دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے اور ان کا اطلاق Reckitt سمیت ہر اس جگہ پر موجود فریقین ثالث پر ہوتا ہے جہاں یہ کام کرتے ہیں۔Reckitt ، فریقین ثالث اور شامل ہونے والے دیگر افراد کو ان قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں سنگین سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جن میں کاروباری، انفرادی بھاری جرمانوں سمیت قید بھی شامل ہے۔

رشوت میں کسی غیر قانونی، غیر اخلاقی یا اعتماد کی خلاف ورزی کے لیے بطور معاوضہ کسی مفاد کی پیشکش کرنا، اس کا وعدہ کرنا، دینا، قبول کرنا یا اس کی درخواست کرنا شامل ہے۔ یہ معاوضات پیسے، تحائف، قرضوں، فیس، انعامات یا دیگر فوائد (ٹیکسز، سروسز، عطیات، رعایات وغیرہ) کی شکل لے سکتے ہیں۔ رشوت ستانی میں سہولت کاری کی ادائیگیاں بھی شامل ہیں جو کہ عموماً سرکاری ملازم کی عمومی ذمہ داریوں کی انجام دہی کو تیز بنانے کے لیے سرکاری افسر کو دی جانے والی غیرسرکاری ادائیگیاں ہوتی ہیں۔ اس بات سے قطع نظر یہ رشوت ستانی ہوتی ہے، خواہ کسی مخصوص ملک میں یہ محض "کاروبار کا ایک طریقہ" ہوں۔ فریقین ثالث کو اس وقت تک سہولت کاری کی کوئی ادائیگی نہیں کرنی چاہیئے جب تک کہ ایسا نہ کرنے کی صورت میں ان کے عملے کو کوئی ذاتی خطرہ لاحق ہو۔

فریقین ثالث بدعنوانی، رشوت یا ایسی کسی بھی سرگرمی (غیر مناسب ادائیگیوں سمیت) میں ملوث نہیں ہوں گے جو Reckitt کے لیے یا اس کے ساتھ کام کرتے ہوئے بدعنوانی یا رشوت میں ملوث ہونے کی نشاندہی کریں۔ سرکاری افسران کے ساتھ ہونے والے کسی بھی قسم کے معاملے میں خصوصی طور پر خطرے کا زیادہ امکان ہوتا ہے اور فریقین ثالث کو ایسے حالات میں بہت احتیاط برتنی چاہیئے، جن میں مقامی قوانین اور ضوابط کو سمجھنا، ان کی تعمیل کو دستاویز بند کرنا اور Reckitt سے پیشگی منظوری حاصل کرنا شامل ہیں۔Reckitt کو ایسی فریقین ثالث کی جانب سے دی جانے والی رشوتوں یا سہولت کاری کی ادائیگیوں کے لیے ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے جو اس کی طرف سے کام کر رہی ہوں۔

### 7.2 معاشی جرم اور منی لانڈرنگ

منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی سہولت کار سرگرمیوں سمیت Reckitt کسی بھی قسم کے اقتصادی جرم کو ہرگز برداشت نہیں کرتی۔Reckitt اقتصادی جرم کو ایسے غیر قانونی اعمال گردانتی ہے جو کہ مالی یا اقتصادی فائدے کے لیے اٹھائے گئے ہوں۔Reckitt کے مطابق منی لانڈرنگ اس رقم یا اثاثوں کا تبادلہ ہے جو 'جائز' رقم یا دیگر اثاثوں کے لیے مجرمانہ طور پر حاصل کیے گئے تھے۔ اس میں وہ پیسہ بھی شامل ہے جو اس بات سے قطع نظر دہشت گردی کی سہولت کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ یہ کس طرح سے حاصل کیا گیا ہے۔Reckitt صرف ان فریقین ثالث کے ساتھ کاروبار کرتا ہے جو جائز کاروباری سرگرمی میں شامل ہوں، جن کے فنڈز ناجائز ذرائع سے حاصل نہ کیے گئے ہوں یا ناجائز ذرائع پر نہ لگائے جاتے ہوں۔

فریقین ثالث ایسی کوئی سروس فراہم نہیں کریں گی اور نہ ہی کسی ایسے انتظام میں شامل ہوں گی جو کسی اقتصادی جرم میں Reckitt کی بلاواسطہ یا بالواسطہ شمولیت کی سہولت کاری یا تعین کرتا ہو۔ فریقین ثالث پر لازم ہے کہ وہ بلاواسطہ یا بالواسطہ منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی مالی اعانت کی سرگرمیوں، ٹیکس کی چوری، دھوکہ دہی یا ایسے طرزعمل میں ملوث نہ ہوں جو کہ مجرمانہ یا دہشت گردی کی مالی اعانت سے متعلقہ سرگرمیوں سے حاصل ہونے والے پیسے کو قبول، منتقل، تبدیل یا پوشیدہ رکھ کے منی لانڈرنگ کے مخالف قوانین کی خلاف ورزی کرتا ہو۔

### 7.3 تجارتی پابندیاں

فریقین ثالث سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے دائرہ کار میں موجود تمام ممالک کی قابل اطلاق اقتصادی اور تجاری پابندیوں، قوانین و ضوابط کی تعمیل کریں، جن میں شامل ہیں: برآمداتی نظامات، تجارتی پابندیاں اور رکاوٹیں اور قانونی معاشی پابندیاں جوکہ عالمی سطح پر کچھ مخصوص ممالک، اداروں، یا افراد کے ساتھ سرگرمیاں محدود بناتی ہیں۔ اگر

Reckitt Benckiser Group plc 103-105 Bath Road, Slough, Berkshire SL1 3UH, United Kingdom
ٹیلی فون: +44 (0) 1753 217 800 فیکس: +44 (0) 1753 217 899 www.rb.com

فریقین ثالث کو اپنے کاروبار سے منسوب پابندیوں کی خلاف ورزی کی موجودگی کا پتہ چلے، یا شبہ ہو، تو یہ لازم ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے Reckitt کے کاروباری شراکت دار کو مطلع کریں۔

### 7.4 انسداد جعل سازی و غیر قانونی مصنوعات

Reckitt اپنے صارفین کو صرف اعلیٰ معیاری مصنوعات ہی فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ لہٰذا فریقین ثالث سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ Reckitt کی مصنوعات درست اور جدید تکنیکی معلومات کے ساتھ نئی، اصل اور مکمل طور پر ضمانت شدہ ہوں۔Reckitt غیرمجاز متبادل درآمدات کے ساتھ ساتھ اپنی سپلائی چین میں موجود جعلی اور دھوکہ دہی پر مبنی مصنوعات کے خاتمے کے لیے کام کرتی ہے۔ فریقین ثالث پر یہ لازم ہے کہ وہ سختی سے جعلی مصنوعات لینے سے گریز کریں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ اس بات کی نگرانی کے لیے مناسب نظامات موجود ہوں کہ آیا ان کی سپلائی چین میں ایسی سرگرمیاں موجود ہیں۔ ایسی کسی بھی فریق ثالث کے ساتھ Reckitt کا تعلق منسوخ کر دیا جائے گا اور/یا صورتحال کی مناسبت سے عدالتی چارہ جوئی ہو گی جوکہ Reckitt کی جعلی یا دھوکہ دہی پر مبنی مصنوعات فراہم کرتی ہو یا Reckitt کی مصنوعات کی غیرمجاز متوازی درآمدات میں ملوث ہو۔

### 7.5 ماحول کی حفاظت

اس مقصد کے لیے، Reckitt اس بات کی پابند ہے کہ مختصر، درمیانی اور طویل مدتی بنیادوں پر اپنی کارروائیوں اور مصنوعات کے ماحولیاتی اثر کو کم کرے اور اپنی فریقین ثالث سے بھی ایسا ہی کرنے کی توقع کرے۔ فریقین ثالث پر یہ لازم ہے کہ وہ تمام قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کی تعمیل کریں اور ایسے تمام واقعات یا حالات کی اطلاع دیں جو ماحولیاتی قوانین یا ضوابط کی خلاف ورزی کا باعث بن سکتے ہیں یا جن کا ان کے Reckitt کے کاروباری شراکت دار پر مادی طور پر ماحول پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔

### 7.6 اندرونی تجارت اور حفاظتی قانون

اس تعامل کے دوران، فریقین ثالث کو Reckitt، اس کی سرگرمیوں، اس کے صارفین، فراہم کنندگان یا کاروباری شراکت داروں کے حوالے سے غیر مطبوعہ اندرونی معلومات یا قیمت پر مبنی حساس معلومات تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ ہم اپنی حفاظت میں ہونے والی ٹریڈنگ کی مؤثر اور معروف مارکیٹ میں انجام دہی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق اقدامات لیتے ہوئے سرمایہ کار کے اعتماد کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔Reckitt کسی بھی طور پر اندرونی معلومات کے انکشاف، یا Reckitt سکیورٹیز زیر قبضہ ہونے کی صورت میں رد و بدل کو برداشت نہیں کرتی۔ اندرونی معلومات وہ معلومات ہوتی ہیں جوکہ درست ہو؛ بلاواسطہ یا بالواسطہ Reckitt یا Reckitt کے کسی بھی حفاظتی نظامات سے متعلقہ ہوں؛ سرکاری طور پر عام نہ کی گئی ہوں؛ اور عام کیے جانے کی صورت میں کمپنی کے حفاظتی نظامات کی قیمت پر اثرانداز ہونے کا امکان رکھتی ہوں۔

ایسی معلومات کسی بھی ذریعے سے آ سکتی ہیں، نہ کہ صرف Reckitt سے۔ یہ معلومات کسی بھی فریق ثالث، ملازم یا فرد کے ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہیں کی جانی چاہئیں۔ فریقین ثالث پر سختی سے ممانعت ہے کہ وہ گھریلو افراد اور دوستوں سمیت، کسی بھی دیگر فرد پر اس قسم کی معلومات ظاہر نہ کریں۔ فریقین ثالث کو اس چیز کی بھی ممانعت ہے کہ وہ Reckitt کے حفاظتی نظامات میں تجارت کے لیے اس قسم کی معلومات کا استعمال نہ کریں۔ فریقین ثالث پر اندرونی معاملات اور حفاظتی قانون کی تعمیل کے سلسلے میں ہر وقت Reckitt کے اصولوں، پالیسیوں، قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل لازم ہے۔

## 8. توجہ کا مرکز: تقسیم کنندگان

### 8.1 فروغ

فروغ کے حوالے سے Reckitt کے نقطہ نظر کی معاونت ہماری اخلاقی تشہیر کی اخلاقیاتی اقدار اور ہر فیصلے میں اپنے صارفین کو مدنظر رکھنے کے جذبے کی تائید میں کی جاتی ہے۔Reckitt کی تمام مصنوعات ان کے معیار، افادیت، تحفظ اور قیمت کی بنیاد پر فروخت ہوتی ہیں۔ تمام تشہیری اور معلوماتی بات چیت سچائی پر مبنی ہونی چاہیئے، اور مخصوص دعوے منصفانہ اور ثابت شدہ ہونے چاہیئے۔ تقسیم کنندگان کو صرف ہماری مصنوعات کی تشہیر کے لیے جدید ترین مواد استعمال کرنے کا حق حاصل ہے اور وہ کسی صورت آف لیبل استعمال کو یا ایسی مصنوعات کو فروغ نہیں دے سکتے ہیں جو لائسنس یافتہ نہیں ہیں۔

Reckitt کی صحت سے متعلقہ مصنوعات کو تقسیم کرنے (خریدنے، بیچنے اور یا فروغ دینے) والی فریقین ثالث کو Reckitt سے متعلقہ تمام پالیسیوں کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ہو گا مثلاً شیرخوار اور بچے کی غذائیت کا عہد، ماں کے دودھ کے متبادل کی عالمی پالیسی اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز (HCPs) اور ہیلتھ کیئر کے اداروں (HCEs) کی عالمی پالیسی اور کارروائی کے معیاری طریق کاروں کے ساتھ تعاملات۔Reckitt کی صحت کی مصنوعات کے فروغ اور تشہیر میں وقف فریقین ثالث کے لیے کام کرنے والے ہر ملازم کو Reckitt کے نام یا توسط سے کسی بھی قسم کی سروس فراہم کرنے سے

قبل ان پالیسیوں کی تربیت حاصل ہونی چاہیئے۔ درخواست کیے جانے پر اس تربیت کا ثبوت Reckitt کو فراہم کرنا ہو گا۔ ان رہنما اصولوں کی تعمیل میں ناکامی فریقین ثالث کے ساتھ موجودہ تعلقات کے اختتام اور قانونی کارروائیوں کا باعث بن سکتی ہے۔

### 8.2 HCEs، HCPs اور GOs کے ساتھ تعاملات

HCEs، HCPs اور گورنمنٹ آفیشلز (GOs) کے ساتھ ایسے تعاملات جن میں کسی بھی قیمتی چیز کی منتقلی (مثلاً سروس، تحائف، تقاریب میں شرکت کے لیے اسپانسرشپس، مصنوعہ کے نمونے، عطیات، یا کوئی دوسرا فائدہ) شامل ہو جسے بدلے میں Reckitt کو فائدہ پہنچانے کے لیے کسی قسم کا محرک یا رشوت سمجھا جا سکتا ہے۔ ذمہ دارانہ سلوک کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تعمیل کے عالمی معیارات اور طریقہ کاروں کی پیروی کرتے ہیں کہ تقسیم کنندگان:

- کسی صورت HCPs یا HCEs کو کاروبارحاصل کرنے یا Reckitt کی مصنوعات کو استعمال کرنے، ان کا مشورہ دینے، خریدنے، اثر انداز ہونے، یا تجویز دینے یا ماضی کی خریداریوں کا انعام دینے؛
- HCPs اور HCEs سے ایک ایسے انداز میں تعامل کرنا جو تمام قابل اطلاق قانونی اور انضباطی تقاضوں کی تعمیل کرتا ہو۔ تقسیم کنندہ کے اقدامات عالمی HCPs اور HCEs کی پالیسی اور اس کی سرگرمی کے معیاری طریق کاروں کے پابند ہیں؛
- Reckitt کے توسط سے GOs کے ساتھ ہونے والے معاملات کو ہر قسم کے مقامی تقاضے کو سمجھنا ہو گا اور اس کی تعمیل کرنی ہو گی اور اس تعمیل کا ثبوت رکھنا ہو گا؛ اور
- Reckitt کی مصنوعات کو استعمال کرنے، ان کا مشورہ دینے، خریدنے، اثر انداز ہونے، یا تجویز دینے کے محرک کے طور پر کسی بھی صورت مصنوعات یا پراڈکٹ فار پروفیشنل ایویلوئیشن (PPE) کے نمونے فراہم نہ کیے جائیں۔ تقسیم کنندگان کو نمونوں اور PPE کے استعمال اور فراہمی سے متعلقہ ہر قسم کے مقامی قانون اور ضابطے (بشمول صنعتی ضابطہ اخلاق یا رہنما اصولوں) کو سمجھنا ہو گا اور ان کی پیروی کرنی ہو گی۔ تمام نمونوں یا PPE کی تقسیم کا ریکارڈ رکھا جانا چاہیئے اور درخواست کی صورت میں اس کا ثبوت Reckitt کو فراہم کیا جانا چاہیئے۔

### 8.3 Reckitt کی طرف سے کام کرنا

Reckitt کے نمائندے یا اس کی طرف سے کام کرنے والے ہر فراہم کنندہ کو چاہیئے کہ صرف اسی مارکیٹ میں Reckitt کی نمائندگی کرے جہاں ان کا کاروبار معاہدے کی بنیاد پر انجام دیا جائے۔ فراہم کنندگان پر یہ لازم ہے کہ وہ اخلاقیات کے اعلی معیارات کو برقرار رکھیں اور کوئی ایسا کام نہ کریں جو کسی بھی طرح Reckitt کی رسوائی کا باعث بنے۔ فراہم کنندگان پر لازم ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں کسی اور نام سے Reckitt کی مصنوعات نہ بیچیں، نہ ہی انہیں ایسے ممالک یا علاقوں میں بیچیں جہاں وہ معاہدے کی رو سے بیچنے کے پابند نہیں، نہ ہی Reckitt کے نام سے دیگر مصنوعات بیچیں، نہ ہی ایسے برانڈز یا تجارتی ناموں کے تحت کام کریں جو ارادی طور پر Reckitt سے مماثل ہوں۔Reckitt کی تمام مواصلات واضح طور پر Reckitt سے منسوب ہونی چاہئیں اور کسی بھی طرح سے صارف کے لیے گمراہی کا باعث نہیں بننی چاہئیں۔

## 9. فریقین ثالث کے لیے معاونت

ہم ان فریقین ثالث کو اخلاقیات کے اعلی معیارات پر فائز کرتے ہیں جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔ ہم اس بات کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ ان معیارات کے اطلاق اور انہیں برقرار رکھنے میں فریقین ثالث کی مدد کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ کارپوریٹ پالیسیاں (جوکہ، کبھی کبھار، فریقین ثالث کے لیے قابل اطلاق ہو سکتی ہیں) جوکہ Reckitt.com پر پالیسیوں کے لیے وقف صفحے پر شائع کی گئی ہوں۔ مزید براں، ہماری عالمی اخلاقی اور تعمیل کی ٹیم اس حوالے سے کسی بھی قسم کی تشویشات کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہے کہ آیا کوئی سرگرمی یا پالیسی ضابطے کی تعمیل کی عکاسی کرتی ہے۔ ٹیم سے AskCompliance@rb.com پر بذریعہ ای میل رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 10. کارپوریٹ تحفظ

کسی بھی قسم کا حفاظتی حادثہ پیش آنے کی صورت میں واقعے کے بعد 24 گھنٹے کے اندر ہماری کارپوریٹ حفاظتی ٹیم سے رابطہ کیا جانا چاہیئے۔ جن معاملات کی اطلاع لازماً دی جانی چاہیئے ان میں شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں: ہر طرح کی چوریاں (کارگو کی چوریوں سمیت)؛ دھوکہ دہی؛ کسی بھی قسم کا جسمانی تشدد؛ اغوا کاری؛ ہراسانگی یا سراسیمگی؛ جعلسازی؛ مصنوعہ سے چھیڑ چھاڑ/ ارادی ملاوٹ اور املاک کو مجرمانہ نقصان۔ ان معاملات کی اطلاع براہ راست ہماری ویب سائٹ پر یا ذیل پر بذریعہ ای میل دی جا سکتی ہے:.AskSecurity@rb.com

## 10- عدم تعمیل کے لیے منظوری

Reckitt اس ضابطے، یا اس دستاویز میں موجود کوئی بھی دیگر پالیسی یا SOPs اور/یا Reckitt یا اس کے ملازمین پر اثر انداز ہونے کا امکان رکھنے والے کسی بھی مقامی یا بین الاقوامی قانون یا ضابطے کی عدم تعمیل کی صورت میں، معاہدے کے خاتمے اور/یا جہاں قابل اطلاق ہو وہاں قانونی چارہ جوئی سمیت فریقین ثالث کے خلاف قدم اٹھا سکتی ہے۔